ilmkidunya
علم کی دنیا

# Education - 9th Class Education Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. اسلامی نظام تعلیم کا مقصد بیان کریں

**Ans 1:** اسلامی نظام تعلیم کا مقصد فرد کو اللہ تعالی کا ایک نیک اور صالح بندہ بنانا ہے جو اللہ کی رضا کے مطابق زندگی گزارے اور دیگر افراد کو بھی اسلامی نظام کی افادیت سے آگاہ کرے تاکہ مسلمان معاشرے کا ہر فرد اسلامی نظام کے نفاد کے لیے اپنی جان کو اللہ کی راہ میں کھپادے اسلامی معاشرے کے نصاب تعلیم میں قرن وسنت اور اس کے معاون علوم کو مرکزی حثییت حاصل ہوگی

---

Q2. سابقہ سوویت یونین کے تناظر میں دومقاصد تعلیم تحریر کریں

**Ans 1:** سابقہ سوویت یونین میں مقاصد تعلیمی طے کرتے وقت اس بات پر زور دیا جاتا تھا کہ اس کے نظام تعلیم سے فارغ ہونے والا شخص اچھا اشترا کی شہری ہو نصاب تعلیم بھی ایسا مرتب کیا جاتا تھا جو اشترا کی فلسفے کو پھیلانے کا باعث بنے

---

Q3. کس دور میں بچہ کی گفتگو مدلل ہوجاتی ہے؟

**Ans 1:** طفولیت کے دور میں بچےکا 90فیصد دماغ مکمل ہوجاتا ہے.بچہ حالات وواقعات اور مسائل کے اسباب اور نتائج پر غور کرنے لگتا ہے.اس دور میں بچہ کی گفتگو مدلل اور پائیدار ہوجاتی ہے.

---

Q4. شیر خوارگی کے دور میں بچہ کون کون سے لوگوں کو پہچاننے لگ جاتا ہے؟

**Ans 1:** شیر خوارگی کے دور میں بچہ ماں،باپ،بہن،بھائی اور نوکر چاکر کو پہچاننے لگتا ہے.

---

Q5. تدوین نصاب سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** تدوین نصاب ایک اہم اور مشکل مرحلی ہے.نصاب آنے والی نسلوں کا رہنما ہوتا ہے.اس کے بہت سے اصول،قاعدے،عناصر،عوامل وغیرہ ہوتے ہیں.نصاب ترتیب کرنے والا ان مضمون کے ذریعے ان کو جان سکتا ہے.

---

Q6. نشوونما کی تعریف کریں

**Ans 1:** نشوونما کی سادہ سی تعریف یوں بنتی ہے کہ بچے میں فطری اور ماحول کے زیر اثر پیدا ہونے تبدیلیوں کا مجموعہ نشوونما کہلاتا ہے

---

Q7. رسمی تعلیم کی دو مثالیں لکھیں

**Ans 1:** ہر معاشرہ اپنی نئی نسل کی تربیت کیلئے تعلیمی ادارے قائم کرتا ہے جس میں رسمی تعلیم دی جاتی ہے سکول کالج اور یونیورسٹیاں رسمی تعلیم کی بہترین مثالیں ہیں

---

Q8. دنیا کے کوئی سے دو معاشروں کے نام لکھیے

**Ans 1:** ???? ??? ??? ?????? ???? ???? ??? ?? ??? ?? ?? ??? ???? ??? ??

**Ans 2:** زرعی معاشرہ: زرعی معاشرہ کیلے زراعت کی تعلیم بہت ضروری ہے اس لیے بہتر جصل کی بجائی کی آگاہی کیلے اعلی زرعی تعلیمی ادارے قائم کیے گے ہیں ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گاؤں گاؤں جا کر محکمہ تعلیم حکم کے مطابق کسانوں کو زرعی مشاورت دیتی ہیں

**Ans 3:** صنعتی معاشرہ: صنعتی معاشرہ کیلے صنعت وحرفت کی تعلیم کا ہونا ضروری ہے کیونکہ ملکی استخام میں صنعت کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے اس لیے حکومت پاکستان نے صنعتی تعلیم کے فروغ کیلیے کئی یونیورسٹیاں اور کالجز تعمیر کروائے ہیں جہاں فرد کو صنعتی تعلیم سے آرستہ کرنے بہترین معاشرتی صنعتی ترقی کے فروغ کیلے کام کرسکے

---

Q9. اللہ نے پہلی وحی میں کیا حکم دیا؟

**Ans 1:** اللہ نے پہلی وحی میں حکم دیا کہ پڑھ اللہ کے نام سے سے جس نے تجھے پیدا کیا -

---

Q10. شیرخوارگی میں بچہ کی توجہ کی صلاحیت زبان دانی اور تجسس پر نوٹ لکھیں

**Ans 1:** بچے میں توجہ دینے کی صلاحیت ہی چھوٹی عمر میں پیدا ہوجاتی ہے ابتدائی طور پر بچہ چمکتی ہوئی چیزوں پر توجہ دیتا ہے تین ماہ کا بچہ اپنی ماں کی طرف زیادہ توجہ دیتا ہے اس کی ماں جس طرف جاتی ہے وہ اپنی نگاہیں اس طرف لے جاتا ہے اور اس کے اندر زبان چلانے کی کوشش اور نئی چیزوں کو دیکھنے کا تجسس پیدا ہوتا ہے

---

Q11. دور بلوغت کا آغاز کب ہوتا ہے

**Ans 1:** عام طور پر لڑکیوں میں تیرہ سال یا اس سے کچھ کم اور لڑکوں میں اٹھارہ سال سے اس دور کا آغاز ہوتا ہے

---

Q12. نبی اکرم کی احادیث مبارکہ تعلیمی نصاب کے بارے میں کیا رہنمائی فراہم کرتی ہیں

**Ans 1:** نبی اکرم کی احادیث مبارکہ سے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تعلیمی اداروں کانصاب ایا ہوتا چاہیے جونافع ہو اور طالب علم میں ایسا طرز فکر پیدا کرے جو ان کو شعور دے کہ کائنات کی قوتوں کی تسخیر ممکن ہے

---

Q13. معاشرتی زندگی میں انقلاب کی وجوہات بیان کریں.

**Ans 1:** 1.تعلیم ایک سلسلہ جاریہ بن گیا ہے. 2.پرانی ٹیکنالوجی کی جگہ نئی ٹیکنالو جی نے لےلی ہے. 3.نئے شعبوں میں رقم لگانے کا رجحان بڑھ رہا ہے. 4.خواتین کو ملازمتوں اور تعلیم میں یکساں حصہ ملنے لگا ہے. 5.سکول کا نصاب وقتی ضرورتوں کے تحت تبدیل کیا گیا ہے.

---

Q14. اسلامی تعلیم کے ذریعے معاشرہ انسان کو کس تیار کرتا ہے

**Ans 1:** اسلام میں تعلیم کے ذریعہ افراد معاشرہ کو اس کے ذہنوں میں اللہ تعالی کی بندگی کا تصور پوری طرح واضح اور پختہ ہوجاے ان کی تمام کا وشوں کا مرکزی مقصد صرف رضائے الہی کا حصول ہوتا ہے یہی اسلامی تعلیم ہے اور یہی اسلامی تعلیم کا مد عا ہے

---

Q15. بلوغت کے دور میں بچہ کے معاشرتی اصول اور ضابطے پر نوٹ لکھیں

**Ans 1:** بچہ اس دور میں معاشرتی اصولوں اور ضابطوں کو بھی سیکھتا ہے اس کا معاشرتی حلقہ وسیع ہوتا ہے اسے دوسروں کے ساتھ تعاون رفاقت ہمدردی رواداری عفوو درگزر اور احسان کرتنے کے متعلق آگاہی حاصل ہوتی ہے یہ اخلاق اس کی شخصیت کو نکھارتے ہیں

---

Q16. نصاب سازی کے عمل سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** نصاب سازی کا یہ عمل نصاب ونگ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ،لاہور کے حوالے سے انجام پاتا ہے.یہ ونگ شعبہ ماہرین نصاب کی آراء کی بنیاد پر صوبائی نصاب تجویز کرتا ہے جسے منظور کے لیے وفاقی وزارت تعلیم کو ارسال کیا جاتا ہے جو متفقہ نصاب منظور کرتی ہے.

---

Q17. ذہنی نشوونما سے کیا مراد ہے

**Ans 1:** نشوونما ماحول اور توارث کی وجہ سے ہے جب کسی فرد میں ماحول اور توارث کی وجہ تبدیلی پیدا ہوتی ہے تو وہ نشوونما کہلاتی ہے اگر یہ تبدیلی ذہنی ہوتو اسے ہم ذہنی نشوونما کہتے ہیں اگر یہ تبدیلی معاشرتی ہوتو اسے ہم معاشرتی نشوونما اور اگریہ تبدیلی جسم میں ہوتو ہم اسے جسمانی نشوونما کہیں گے ڈاکٹر عبدالرؤف کے مطابق نشوونما سے مراد جسمانی ذہنی معاشرتی اور جذباتی تبدیلیوں کا وہ سلسلہ ہے جو پیدائش سے لے کر بلوغت تک جاری رہتا ہے نشوونما سے مراد وہ جملہ تغیرات ہیں جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسانی کردار میں رونما ہوتی ہیں

---

Q18. طفولیت کے دوران بچے کی معاشرتی نشوونما کے کوئی سے چار پہلو بیان کریں

**Ans 1:** طفولیت کے دوران بچے کی معاشرتی نشوونما کے چند مندرجہ ذیل ہیں بچے کا ماحول تبدیل ہوجاتا ہے وہ نئے دوست بنانے لگتا ہے نئے چہرے پہچاننے شروع کرتا ہے اور نئے چہروں سے مل کر خوشی محسوس کرتا ہے بچے کی خود اعتمادی میں اضاضہ ہوتا ہے بچہی اپنی جنس پہچاننے لگتا ہے

---

Q19. تہذیب وثقافت کی نشوونما میں تعلیم کا بھر پور کردار ہے

**Ans 1:** کوئی بھی معاشرہ اپنے تہذیبی ورثے کے تحفظ اور تسلسل کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا یہ فریضہ تعلیم سرانجام دیتی ہے تعلیم کے ذریعے سے معاشرہ اپنی تہذیب وثقافت کی حفاظت کرنے کے ساتھ ساتھ اسے آئندہ نسلوں کی طرف منتقل بھی کرتا ہے تعلیم نے تہذیب وثقافت کی تعمیر اور نشوونما میں بھر پور کردار ادا ہے ابتدائی ادوار میں والدین یا خاندان کے بڑے افراد بچوں کو علم وفن سکھاتے تھے اس کے بعد مذہبی رہنماؤں اور اطبا نے سل درنسل تعلیمی کا کام جاری رکھا آج کے دور یں ذمہداری تعلیمی اداروں نے لے لی ہے اس طرح تہذیب وثقافت مسلسل اگلی نسل میںمنتقل ہورہی ہے

---

Q20. معاشرہ میں تربیت کی ذمہ داری کس کی ہے؟

**Ans 1:** گھر بچے کی غیر رسمی انداز میں انفرادی تربیت کرتاہے.بچے کو ماں باپ، بھن،بھائیوں کے ساتھ مل جل کر رہنے کی تربیت کی جاتی ہے.گھر افراد کو ذمہ داریوں اور حقوق سے شناسا کرنر کے ساتھ ان کی ادائیگی کے لیے بھی تیار رہتا ہے.

---